# اسکندریہ کا مقدس سِرل (بشپ، معلمِ کلیسیا)

آپ 370 س میں مصر کے شہر اسکندریہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے گھرانے میں نامی گرامی شخصیات تھیں۔ آپ اپنی تعلیم، مضبوط ایمان اور پختہ عقیدہ کے محافظ کے طور پر جانے جاتے ہیں۔ آپ ایک مشہور معلم اور بعد ازاں اسکندریہ کے آرچ بشپ مقرر ہوئے۔ علم الٰہیات کے میدان میں آپ کو بلند مقام حاصل ہے۔ آپ نے اُس وقت کی بے شمار غلط فہمیوں کی وضاحت کی اور سچے ایمان کا پرچار کیا۔ آپ نے اُس وقت کی منعقدہ اہم کلیسیائی مجالس میں اہم کردار ادا کیا۔ جب نسطورین نے خداوند یسوع کی دو ذاتوں پر متضاد تعلیم دی تو آپ نے اُس تعلیم کو درست کیا مقدسہ مریم کے حوالے سے بھی جب نسطورین نے یہ چاہا کہ اُس کو خدا کی ماں کے بجائے یسوع کی ماں کہا جائے تو آپ نے اِس کی سخت مخالفت کی اور اِس بات کو سمجھایا کہ مقدسہ مریم بیک وقت نہ صرف یسوع انسان کی بلکہ یسوع خدا کی ماں بھی ہے۔ 431خ س میں پاپائے اعظم کی نمائندگی کرتے ہوئے آپ نے افسس کی مجلس میں نسطورین کی تعلیم کو سختی سے رد کر دیا۔ لیکن اس کے سبب آپ کو تین ماہ کیلئے نظر بند کر دیا گیا اور اس کے بعد آپ واپس اسکندریہ لوٹ گئے۔

آپ اپنی مذہبی تعلیم کی تحریروں، مختلف تفاسیر اور ایمان کے دفاع کی تحریروں کے حوالے سے خوب مشہور ہیں۔ آپ 444ء میں ابدی نیند سو گئے۔

اے مہربان خداوند خدا! سارا علم اور حکمت تجھ سے آتی ہے۔ ابتدائی کلیسیا میں تُو نے اپنے بندوں کو بخوبی استعمال کیا تاکہ وہ ایمان کی صحیح تشریح کر سکیں۔ ہمیں یہ فضل بخش کہ ہم اپنے ایمان پر فخر کریں اور اُس پر پختگی سے قائم رہیں۔ آمین

اے اسکندریہ کے مقدس سرِل

ہمارے واسطے دُعا کر!